الدرس الخامس

أذكار بعد الصلاة

پانچواں درس

نماز کے بعد کے اذکار

جب آپ نماز سے سلام پھیر لیں تو یہ مسنون اذکار پڑھ لیں:

① أَسْتَغْفِرُ الله أَسْتَغْفِرُ الله أَسْتَغْفِرُ الله اَللهُمَّ أَنْتَ السَّلامُ ومِنْكَ السَّلامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الجَلالِ وَ الإِكْرَام.

"اللہ کی مغفرت کا طلبگار ہوں، اللہ کی مغفرت کا طلبگار ہوں، اللہ کی مغفرت کا طلبگار ہوں، اے اللہ تیری ذات سلامتی والی ہے، اور سلامتی تجھ سے ہی ملتی ہے، اے ذوالجلال والاکرام ذات تو بہت ہی بابرکت ہے۔[صحيح مسلم ۵۹۱]

② لاَ إِلٰهَ إِلَّا الله وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيءٍ قَدِير. اَللهُمَّ لا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلا يَنْفَعُ ذَا الجَدِّ مِنْكَ الجَدُّ۔

"نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ تعالی کے، وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہی اسی کی ہے، اور تعریف اُسی کے لئے ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، اے اللہ جسے آپ نوازیں اسے روک کوئی نہیں سکتا، جسے آپ روکیں اسے دے کوئی نہیں سکتا، تیرے مقابلے میں کسی کی طاقت اُسے کوئی کام نہیں دے سکتی"۔[بخاری ۸۴۴، مسلم ۵۹۳]

③ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ۔

"نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ تعالی کے، وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہی اسی کی، اور تعریف اسی کے لئے ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، نیکی کرنے اور برائی سے بچنے کی ہماری کوئی طاقت نہیں، مگر اللہ کی توفیق سے، نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ تعالی کے، صرف اسی ذات کی ہم عبادت کرتے ہیں، ہر نعمت اسی کی طرف سے ہے اور ہر فضل اسی کا ہے، ہر اچھی تعریف کا وہی حقدار ہے، نہیں ہے کوئی معبود برحق سوائے اللہ تعالی کے، مکمل اطاعت اسی کے لئے خالص کرتے ہوئے خواہ کافر کس قدر سیخ پا ہوں"۔[صحيح مسلم ۵۹۴]

④ اس کے بعد تینتیس {۳۳} بار سبحان اللہ، تینتیس {۳۳} بار الحمد للہ اور تینتیس {۳۳} بار اللہ اکبر کہے، آخر میں ایک سو کے عدد کو پورا کرتے ہوئے کہے: لا إله إلا الله وَحْدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيءٍ قَدِير [صحيح مسلم ۵۹۷]

⑤ ایک بار آیت الکرسی پڑھے۔[الصحيحة للألباني ۹۷۲ اور حدیث صحیح ہے]۔

⑥ سورة الإخلاص، الفلق اور الناس ہر نماز کے بعد ایک ایک بار پڑھے، اور نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد تین تین بار پڑھنا مستحب ہے۔[تفصیلی حوالے کے لئے ملاحظہ ہو السلسلة الصحيحه للألبانی ح۱۵۱۴]

آية الكرسي

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ

(سورة البقرة 255)

سورة الإخلاص

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ (1) اللَّهُ الصَّمَدُ (2)
لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ (3) وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ (4)

سورة الفلق

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (1) مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (2)
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ (3) وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ (4)
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ (5)

سورة الناس

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ (1) مَلِكِ النَّاسِ (2) إِلَهِ النَّاسِ (3)
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ (4) الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ (5)
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ (6)